13083CH06

# واحد جمع
# (Singular-Plural)

| (ب) | (الف) |
|---|---|
|  کتابیں |  کتاب |
|  پنسلیں |  پنسل |

ان دونوں خانوں میں دکھائی گئی تصویروں پر غور کیجیے:

'الف' کے خانے میں ایک کتاب اور ایک پنسل کی تصویر دی گئی ہے، اور 'ب' کے خانے میں کئی کتابوں اور پنسلوں کی تصویریں ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ ہر چیز کی کوئی نہ کوئی تعداد ہوتی ہے۔

"تعداد میں جب کوئی ایک چیز ہو تو، اسے واحد کہتے ہیں۔"

© NCERT not to be republished

''اور جب ایک سے زیادہ ہو تو، اسے جمع کہتے ہیں۔''

واحد سے جمع بناتے وقت لفظ کی شکل بدل جاتی ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| گھوڑا | گھوڑے | دائرہ | دائرے |
| لڑکا | لڑکے | چمچہ | چمچے |

یہ بھی ذہن میں رہے کہ واحد سے جمع بناتے وقت جملے کی شکل بھی بدل جاتی ہے جیسے:

| | |
|---|---|
| گھوڑا دوڑ رہا ہے | گھوڑے دوڑ رہے ہیں |
| لڑکا کھیل رہا ہے | لڑکے کھیل رہے ہیں |
| بچّہ پڑھ رہا ہے | بچّے پڑھ رہے ہیں |

یہ بھی یاد رکھیں کہ واحد لفظ کے آخر میں اگر 'ی' ہو تو اس کی جمع بنانے میں 'اں' لگایا جاتا ہے جیسے:

| | |
|---|---|
| لڑکی | لڑکیاں |
| کلی | کلیاں |
| کھڑکی | کھڑکیاں |
| گلی | گلیاں |

'اں' کے علاوہ 'وں' لگا کر بھی جمع بنائی جاتی ہے جیسے:

| | |
|---|---|
| لوگ | لوگوں |
| گھر | گھروں |

© NCERT not to be republished

'ئیں' لگا کر بھی واحد سے جمع بناتے ہیں:

| | |
|---|---|
| دوا | دوائیں |
| دعا | دعائیں |
| گھٹا | گھٹائیں |
| صدا | صدائیں |

کہیں 'یں' لگا کر بھی جمع بنائی جاتی ہے جیسے:

| | |
|---|---|
| شام | شامیں |
| رات | راتیں |
| راہ | راہیں |
| خبر | خبریں |

اوپر کی مثالوں میں واحد سے جمع بنانے کا یہ اردو قاعدہ ہے۔ اس کے علاوہ اردو میں فارسی، عربی قاعدے سے بھی واحد سے جمع بنائی جاتی ہے۔ فارسی قاعدے کے مطابق یہ الفاظ دیکھیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| خیال | خیالات | مرد | مرداں |
| سوال | سوالات | شب | شباں |
| احساس | احساسات | درخت | درختاں |

اب عربی قاعدے کے مطابق واحد سے جمع بنانے کی یہ مثالیں دیکھیے:

| | |
|---|---|
| قسم | اقسام |
| شعر | اشعار |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| تصویر | تصاویر |
| حاکم | حُکّام |
| ذریعہ | ذرائع |
| شاعر | شعرا |
| امیر | امرا |
| رسالہ | رسائل |

درج ذیل میں واحد اور جمع کی شناخت کیجیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جوابات | سائل | تجربہ | خیالات | آئینے | ادائیں |
| غربا | بچّہ | پھولوں | خبر | درختاں | طفل |

© NCERT not to be republished